پاک-گلف لیزنگ کمپنی لمیٹڈ

ضابطہء اخلاق برائے ملازمین

۱۔ ہر ملازم پر لازم ہو گا کہ وہ اپنے تمام فرائض منصبی نہایت خلوص اور دیانت داری سے کمپنی کے بہترین مفاد میں سرانجام دے۔

۲۔ ہر ملازم کا فرض ہو گا کہ وہ کمپنی کے کسی بھی کام سے منسلک امور کو صیغہ راز میں رکھے اور کسی حالت میں ان کو کمپنی سے باہر کسی بھی فرد یا ادارے کے علم میں نہ لائے اور اس کو برسرعام مشتہر کرنے سے مکمل اجتناب برتے سوائے اس صورت میں کہ ان اقسام کی کوئی بھی معلومات کسی حکومتی ادارے سے بدرجہء استحقاق کسی مروجہ قانون کے تحت دفتری مکتوب یا مراسلے کے ذریعے طلب کی جائیں۔

۳۔ تمام ملازمین کے لئے لازم ہو گا کہ وہ اپنے تمام اوقات کار صرف اور صرف کمپنی کے کاروبار اور اسکی ترقی و ترویج کے لئے مختص کریں گے اور کسی اور فرد یا ادارے کا کسی بھی قسم کا کام بواسطہ یا بلاواسطہ، بعوض معاوضہ یا بلامعاوضہ کرنے سے مکمل پرہیز کریں گے اور ہر قسم کی کمپنی میں ڈائریکٹر ہونے سے کامل اجتناب کریں گے۔

۴۔ کسی بھی ملازم کو یہ اجازت نہ ہو گی کہ وہ اپنے یا کسی دوسرے فرد یا ادارے کے نام پر کسی بھی قسم کے حصص، بانڈز، اور اجناس وغیرہ کے حاضر یا مستقبلہ عقود کی تجارت، منافع خوری یا جوئے اور قماربازی میں حصہ لے سکے۔

۵۔ کوئی بھی ملازم کسی بھی قسم کی غیر اخلاقی ی اغیر قانونی سرگرمی میں شریک نہیں ہو گا بالخصوص وہ جن کی بدولت کمپنی کی ساکھ مجروح ہو یا اسکی شہرت منفی طور پر متاثر ہوتی ہو۔

۶۔ تمام ملازمین پر لازم ہو گا کہ وہ کسی بھی صورت اپنے ذاتی مفاد کو کمپنی یا اسکے کسی صارف یا کسٹمر کے مفاد پر ترجیح نہ دیں اور نہ ہی کسی رشتے دار یا دوست کو کسی بھی صورت کمپنی کے لئے نقصان یا خسارے کا باعث بننے دیں تاوقتیکہ انکے پاس ایسا کرنے کا تحریری اور پیشگی اجازت نامہ کمپنی کے چیف ایگزیکیوٹو آفیسر نے جاری نہ کر دیا ہو۔

۷۔ کوئی بھی ملازم اسکا مجاز نہ ہو گا کہ وہ کسی رشتے دار، دوست، یا کمپنی کے کسی بھی کسٹمر سے کسی بھی قسم کا کوئی تحفہ قبول کر سکے بالخصوص ایسا تحفہ جس کو لینے سے کمپنی کی سبکی ہوتی ہو یا اسکی ساکھ متاثر ہوتی ہو۔

۸۔ ملازمین، انکے شوہر، ازواج اور اولاد کو قطعاً یہ اجازت نہ ہو گی کہ وہ اسٹاک ایکسچینج پر کمپنی یا کمپنی کے کسی کسٹمر کے حصص کی خرید وفروخت کر سکیں جس کے بارے میں انکے پاس کمپنی میں اپنی ملازمت کے طفیل خصوصی اندرونی معلومات ہوں اور وہ اس کا ناجائز فائدہ ایسی معلومات کی بدولت حاصل کرنے کی قدرت رکھتے ہوں۔

۹- تمام ملازمین اپنے ہم پیشہ اور خصوصا اپنے ماتحت ساتھیوں کی حتیٰ الامکان تربیت اور فرائض منصبی کی تکمیل اور تعلیم کے ذمہ دار ہوں گے اور انکی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کی ترغیب میں مدومعاون ہوں گے تا کہ کمپنی میں بالعموم ایک احسن اور پیشہ ورانہ ماحول قائم ہوسکے جو کمپنی کی ترقی کا باعث بن سکے-

۱۰- تمام ملازمین با العموم نہایت انہماک، خوش اسلوبی، دیانت، محنت اور امانت کے ساتھ کمپنی کے اعلیٰ ترین اور ارفع مقاصد کی تکمیل کے لئے آپس میں باہمی اتفاق اور اخوت کے جذبے کے ساتھ اپنے تمام فرائض سرانجام دیں گے اور کمپنی کے تمام معاملات کو اغیار و مسابقین سے پوشیدہ اور مخفی رکھیں گے-

۱۱- تمام مرد ملازمین پابند ہوں گے کہ وہ اپنی تمام ہم پیشہ خواتین کے ساتھ تمیز اور اخلاق سے پیش آئیں اور بغور خواتین کے خلاف جائے کارپر اذیت رسانی سے تحفظ کے قانون مجریہ ۲۰۱۰ کا مطالعہ کریں تا کہ وہ اپنے آپ کو اس قانون کی مجوزہ سزاؤں سے محفوظ رکھ سکیں-